© rasailojaraid.com



# دبستان جامعہ سلفیہ (حافظ عبدالعزیز بٹ فاضل مدینہ یونیورسٹی) 18-03-09

مہربان قدردان جامعہ سلفیہ
عزم و ہمت کا نشان جامعہ سلفیہ
محبتوں کا سائباں جامعہ سلفیہ
امنگوں کا ترجماں' جامعہ سلفیہ
علوم ومعارف کے بے بہا خزینے
عمل کا سیل رواں جامعہ سلفیہ
شیخ الحدیث عبدالعزیز علوی
علمی دودمان ' جامعہ سلفیہ
مدار المہام یاسین ظفر
ہزاروں غم ایک جان جامعہ سلفیہ
ایک نظر میں پرکھیں سب
صلاحیتیں لیں پہچان جامعہ سلفیہ
بحرالعلوم ہیں یونس بٹ
خطیب ذیشان جامعہ سلفیہ
ورع ' تقویٰ' خلوص و للّٰہیت
مفتی عبدالحنان' جامعہ سلفیہ
ہنسائیں رلائیں نجیب اللہ
واعظ خوش بیاں ' جامعہ سلفیہ
نمونہ سلف اکرم رحمانی
خاموش مگر ہم کلام جامعہ سلفیہ
نکتہ و ر ہیں ندیم شہباز
مشکل بات کریں آسان جامعہ سلفیہ

دھیمے سادہ ادریس سلفی
تاریخی دبستان جامعہ سلفیہ
مناظر' مدرس ' مؤلف ' ایڈیٹر
یزدانی فاروق الرحمٰن جامعہ سلفیہ
نحو کے رسیا مولوی صدیق
صاف لباس' خوش کلام جامعہ سلفیہ
مدرس مکہ و مسجد نبوی
ڈاکٹر عتیق الرحمٰن جامعہ سلفیہ
شوخ وشنگ نٹ کھٹ
مولانا امین الرحمٰن' جامعہ سلفیہ
مسکراتے قاری حبیب اللہ
اپنائیت کا گماں' جامعہ سلفیہ
نفیس الطبع نذیر صاحب
لائبریری کی شان جامعہ سلفیہ
صدارتی ایوارڈ یافتہ نوید الحسن
آبروئے لکھوی خاندان' جامعہ سلفیہ
تدریس بھی' کسب حلال بھی
شیخ زبیر ہمام ' جامعہ سلفیہ
ہر وقت رہیں مصروف عمل
ارشد قصوری بنے پردھان جامعہ سلفیہ
سر تا پا خوش لباس و نفیس
عبدالحسیب اعوان جامعہ سلفیہ

باوقار ہیں حسنین افتخار
قابل رشک نوجوان' جامعہ سلفیہ
جوش جذبہ' محنت و ہمت
تخلص انور نام عبدالرحمٰن جامعہ سلفیہ
اپنی ذات میں رہیں مگن
ظفر ارسلان ' جامعہ سلفیہ
رب کی عنایت' عنایت اللہ
پڑھتے رہیں قرآن جامعہ سلفیہ
طویل قامت صوت الشریم
ببر شکور ارسلان جامعہ سلفیہ
نازک مزاج عبدالقیوم فرخ
پڑھتے ہیں ابو الکلام جامعہ سلفیہ
خاموش طبع مولانا داؤد
ہر کسی پہ رکھیں دھیان جامعہ سلفیہ
سلیقہ قرینہ قاری حسن
قراء کی ہیں شان جامعہ سلفیہ
جدت سے آشنا ہیں یہ
سراج عبدالرحمٰن' جامعہ سلفیہ
ناظم دفتر جہانگیر صاحب
سب کے میزبان جامعہ سلفیہ
نائب ناظم دفتر بھی ملاحظہ ہو
خوش مزاج حبیب الرحمٰن جامعہ سلفیہ
ان صالحین میں اک سیاہ کار ہے
عبدالعزیز ناتواں جامعہ سلفیہ



© rasailojaraid.com